ilmkidunya

# Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Test

Q1. تجارتی بنک کے زر اعتبار تخلیق کرنے کے طریقوں کا نام لکھیں.

**Ans 1:** 1- ہنڈیوں پر وار لگا کر 2- قرضے جاری کرکے 3- سرمایہ کاری کرکے.

---

Q2. بنک کے محفوظ زر نقد سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** اپنے گاہکوں کو فوری ضروریات پوری کرنے کےلیے کوئی بھی تجارتی بنک جو نقد زر اپنے پاس رکھتا ہے اسے محفوظ زر نقد کہا جاتا ہے.

---

Q3. طلبی قرضے کی تعریف کریں.

**Ans 1:** طلبی قرضے ایسے قرضے ہیں جو کسی بھی وقت بنک واپس طلب کرسکتا ہے. یہ قرضے عموما زیادہ مالدار ، قابل اعتبار اور صاحب حیثیت لوگوں کو جاری کئے جاتے ہیں.

---

Q4. چلت مالیات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** فاضل وصولی کے لیے بنک اپنے گاہک کو اس کے چلت کھاتے میں موجود رقم سے زائد رقم نکوالنے کی اجازت دیتا ہے. زائد نکلوائی گئی رام بنک روزانہ کے حساب سے سود وصول کرتا ہے. جدید بنکاری میں فاضل وصول ، کو چلت ملیات بھی کہا جاتا ہے.

---

Q5. اگر تجارتی بنک کو ہنڈی پر دوبارہ نہ لگوانے کی سہولت موجود ہوتو اس کا محفوظ زر نقد پر کیا اثر پڑتا ہے.

**Ans 1:** اگر تجارتی بنک کو مرکزی بنک سے ہنڈی پر دوبارہ نہ لگوانے کی سہولت ہو تو اسے اپنے پاس کم زر نقد رکھنا پڑتا ہے کیونکہ ضرورت کے وقت وہ مرکزین بنک سے آسانی سے رقم حاصل کرسکتا ہے.

---

Q6. بنک کے چلت کھاتہ سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** چلت یا جاری کھاتہ میں بنکاری کے اوقات کار میں کسی بھی وقت رقم جمع کروائی یا نکلوائی جا سکتی ہے یہ کھاتہ کاروباری حضرات کے لیے موزوں ہوتا ہے. عام طور پر بنک اس کھات ہ کوئی نفع یا سود ادا نہیں کرتا

---

Q7. تجارتی بنک کے توازن چٹھہ میں محفوظ سرمایہ سے کیا مراد ہے.

**Ans 1:** بنک اپنے کاروبار سے حاصل ہونے والے منافع میں سے کچھ حصہ مستقبل میں پیدا ہونے والے نگہانی ضرورت کے لیے محفوظ کرلیتا ہے جسے محفوظ سرمایہ کہا جاتا ہے.

---

Q8. بنک کے زر اعتبار تخلیق کرنے کے عمل رکاوٹ بننے والے عوامل کون سے ہیں.

**Ans 1:** 1- محفوظ سر نقد کا زیادہ تناسب 2- قرض کے لیے طلب کا نہ ہونا 3- کفالتوں کی کمی 4- کم بنیادی امانتیں. 5- سیاسی عدم استحکام 6- معاشی عدم استحکام

---

Q9. مدت کے لحاظ سے بنک کون سے قرضے جاری کرتا ہے.

**Ans 1:** 1- طلبی قرضے 2- قلیل مدت کے قرضے 3- درمیانی مدت کے قرضے 4- طویل مدت کے قرضے 5- پراجیکٹ فنانس

---

Q10. بنک کا محفوظ زر نقد کن صورتوں میں ہوسکتا ہے.

**Ans 1:** 1- سرمایہ کا وہ حصہ جو مرکزی بنک مین جمع ہوتا ہے.

**Ans 2:** 2- سرمایہ کا وہ حصہ جو بنک کے پاس نقد حالت میں موجود ہے.

**Ans 3:** 3- دوسرے بنکوں سے واجب الوصول رقم

---